امیر تنظیم شجاع الدین شیخ
بانی تنظیم ڈاکٹر اسرار احمد

شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:35869501-042، ای میل: media@tanzeem.org

20مارچ2023ء

پریس ریلیز

پیمرا ٹی وی چینلز پر رمضان المبارک کے تقدس کو پامال ہونے سے روکے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): پیمرا ٹی وی چینلز پر رمضان المبارک کے تقدس کو پامال ہونے سے روکے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے لیکن گذشتہ چند سالوں سے ٹی وی چینلز پر خصوصی رمضان ٹرانسمیشنز کے نام پر جو بیہودگی اور کھیل تماشہ جاری ہے وہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ پیمرا تمام ٹی وی چینلز کو ایک ضابطہ اخلاق کا پابند کرے اور صرف دین کا علم رکھنے والے حضرات کو رمضان ٹرانسمیشن کے پروگراموں میں شرکت کی اجازت دی جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ سحر اور افطار کی مقدس ساعتوں میں غیر اخلاقی اور فحاشی پر مبنی اشتہارات اور پروگراموں پر پابندی لگائی جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک اسلامی نظریاتی ریاست میں ٹی وی چینلز پر کسی بھی قسم کے غیر اسلامی اور خلاف شریعت مواد کی نشریات اللہ اور رسول ﷺ کی تعلیمات سے بغاوت ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ سے اس ماہ مبارک میں انفرادی اور اجتماعی سطح پر توبہ کریں اور رمضان المبارک کی رحمتوں اور برکتوں کو سمیٹتے ہوئے اس بات کا عزم کریں کہ پاکستان کو صحیح معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بنائیں گے۔ تب ہی ہمیں اللہ تعالیٰ کی رضا اور اخروی نجات حاصل ہو گی۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان